**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 08 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۸/ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

- ☆ **گنیش اُتسو کا آغاز ' جگہ جگہ گنپتی کی مورتیاں بٹھائی گئیں**
- ☆ **متنازعہ سرکاری افسر پوجا کھیڈکر عہدے سے برطرف**
- ☆ **پنجاب میں 3/افراد کا قتل کرنے والے 7/ قاتل چھترپتی سنبھاجی نگر میں گرفتار**
- ☆ **دھاراشیو- تلجاپور- شولاپور ریلوے راستے کے تعمیر کام کا آغاز**

**اور**

- ☆ **پیرس پیرالمپک میں نیزہ باز نودیپ سنگھ نے حاصل کیا سونے کا تمغہ**

**اب خبریں تفصیل سے...**

کل سے گنیش اُتسو کا آغاز ہوا۔ ریاست بھر میں جگہ جگہ گنپتی کی موتیاں بٹھائیں گئیں ہیں۔ اِس 10/روزہ فیسٹیول کے دوران ریاست میں 11/ہزار کروڑ روپیوں کی تجارت ہونے کی توقع کی جارہی ہے۔

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرموؔ وزیر اعظم نریندر مودی اور ایوان زیرین یعنی لوک سبھا میں حزب مخالف کے رہنما راہل گاندھی نے عوام کو گنیش اُتسو کی مبارکباد پیش کی ہے۔

ممبئی میں واقع راج بھون میں گورنر سی پی رادھا کرشنن کے ہاتھوں اور وزیر اعلیٰ کی رہائش گاہ ''ورشا'' میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں کل گنپتی کی مورتیاں بٹھائی گئیں۔

***** ***** *****

غیر ممالک میں آباد ہندو برادان بھی گنیش اُتسو مناتے ہیں۔ پاکستان کے شہر کراچی میں رہنے والے وشال راجپوت نے بتایا کہ وہاں بھی گنیش اُتسو منایا جاتا ہے اور یہ سلسلہ تقسیم ہند کے بعد سے جاری ہے۔ وِشال راجپوت نے بتایا کہ وہاں دیڑھ دن کے لیے گنپتی کی مورتی بٹھائی جاتی ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ گنیش اُتسو کے دوران ہم گنپتی کے بھجن اور ست سنگ وغیرہ تقاریب کا بھی اہتمام کرتے ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میں آباد ہندو برادری نے اپنے مکانات میں اسی طرح عوامی مقامات پر گنیش منڈلوں نے بھی جوش وخروش سے کل گنپتی کی مورتیاں بٹھائی۔ اِس موقعے پر شہر کے سنستھان گنپتی مندر میں مشہور شخصیات کے ہاتھوں آرتی کی گئی۔ چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے میں ایک ہزار 660/ گنیش منڈلوں کا اندراج کیا گیا ہے۔ ضلعے کے 544/ دیہاتوں میں ’’ ایک گاؤں ایک گنپتی ‘‘ اِس خیال پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔

اِسی دوران گنپتی وسرجن جلوس راستوں کا میونسپل کمشنر جی شری کانت نے کل معائنہ کیا۔ اِس دوران انھوں نے راستوں میں جھول رہی بجلی کی تاروں کو آئندہ 15/ تاریخ سے قبل درست طریقے سے تاننے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

اُمید اپنی مدد آپ گروہ میں شامل خواتین کے لیے چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع پریشد کی جانب سے گنیش مورتیاں فروخت کرنے کا پروگرام چلا گیا۔ خبر ہے کہ اِس کے ذریعے تقریباً ایک کروڑ روپئے کی تجارت ہوئی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے میں کل گنیش اُتسو کا آغاز جوش وخروش سے کیا گیا۔ اِس سال جالنہ گنیش فیسٹیول کی جانب سے 8/ روزہ ثقافتی پروگرامس کا اہتمام کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں سابق وزیر اعلیٰ نیز رکن پارلیمان اشوک چوہان کے گھر میں اسی طرح چھترپتی سنبھاجی نگر میں ہاؤسنگ کے وزیر اتل ساوے کے گھر میں کل جوش وخروش سے گنپتی کی مورتیاں بٹھائی گئیں۔

***** ***** *****

بیڑ شہر میں واقع سِدھ وِنائک کمرشیل کامپلیکس میں گنیش کی مورتیاں خریدنے کے لیے کل گاہکوں کا ہجوم دیکھا گیا۔ اِسی طرح پربھنی کے بازاروں میں بھی کثیر تعداد میں گاہک گنپتی کی مورتیاں اور سجاوٹ کا سامان خریدتے دیکھتے گئے۔ ضلعے کے کئی گنیش منڈلوں نے اِس مرتبہ ماحول دوست گنپتی کی مورتیاں بٹھائیں ہیں۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع اغذیہ و ادویہ انتظامیہ نے شہریان سے اپیل کی ہے کہ وہ تہواروں کے دنوں میں مٹھائی اور پرساد کی خوردنی اشیاء خریدتے وقت تمام ضروری باتوں کی تسلی کرلیں۔ انتظامیہ نے گنیش منڈلوں کو کہا ہے کہ وہ پرساد کے لیے مٹھائی تیار کرنے سے پہلے فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈ ایکٹ کے تحت اندراج لازمی کروائیں۔

***** ***** *****

متنازعہ سرکاری افسر پوجا کھیڈ کر کو عہدے سے ہٹا دیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ پوجا کھیڈ کر نے معذوری کے جعلی سرٹیفکیٹ کی بناء پر سرکاری ملازمت حاصل کرنے کا انکشاف ہوا تھا۔ جس کے بعد مرکزی حکومت نے انتظامی ایکٹ 1954ء کے تحت کارروائی کرتے ہوئے اُسے زیرِ تربیت انتظامی افسر کے عہدے سے برطرف کردیا ہے۔

***** ***** *****

پنجاب کے شہر فیروز پور میں ایک ہی خاندانہ کے 3/افراد کا قتل کرنے والے 7/قاتلوں کو چھترپتی سنبھا جی نگر پولس نے کل گرفتار کرلیا ہے۔ پولس نے ناگپور۔ ممبئی قومی شاہراہ پر کل صبح جال بچھا کر قاتلوں کو گرفتار کیا۔ پولس کمشنر پروین پوار نے یہ اطلاع دی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ مذکورہ قاتلوں کو پنجاب پولس کے سپرد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

افیم کی اسمگلنگ کرنے والے ایک شخص کو ناندیڑ شہر کے وزیر آباد پولس نے کل گرفتار کرلیا۔ اُس شخص کا نام سُکھ وِندر سنگھ بتایا گیا ہے۔موصولہ خبر میں بتایا گیا ہے کہ اُس کے پاس سے 27/گرام افیم برآمد ہوئی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ کرائم برانچ کے دستے نے ' غنودی آور گولیاں فروخت نے والے 4/مشتبہ افراد کو کل جال بچھا کر گرفتار کرلیا۔اُن کے پاس سے نشہ آور گولیاں ' اسقاطِ حمل کی گولیاں اور شہوت انگیز گولیوں کا ذخیرہ برآمد ہوا ہے۔اِس کی مالیت تقریباً 8/لاکھ 18/ہزار روپئے بتائی جارہی ہے۔ گرفتار کیے گئے چاروں ملزمین کے خلاف معاملہ درج کرلیا گیا ہے۔جالنہ کرائم برانچ کے پولس انسپکٹر پنکج جادھو نے یہ اطلاع دی ہے۔

***** ***** *****

گوندیا ضلع کے پوگ جھر گاؤں میں بہنے والے نالے میں سیلاب آنے کی وجہ سے ایک ہی کُنبے کے 2/بچوں کی موت واقع ہوگئی۔ موصولہ خبر میں بتایا گیا ہے کہ مہلوکین میں ایک بچے کی عمر 3/سال اور دوسرے بچے کی عمر ڈیڑھ سال تھی۔

***** ***** *****

ناسک ضلعے کے وانی پیپل گاؤں راستے پر کل چار پہیہ گاڑی اور دو پہیہ گاڑی کے مابین ہوئے تصادم میں موٹر سائیکل پر سوار 3/افراد کی موت واقع ہوگئی۔مہلوکین میں سے 2/سگے بھائی تھے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ چار پہیہ گاڑی نے موٹر سائیکل کو پیچھے سے ٹکر مارنے کی وجہ سے یہ سانحہ پیش آیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو-تلجاپور-شولاپور ریلوے راستے کا تعمیر کام کل سے شروع کردیا گیا ہے۔اُپڑا کے مقام پر ساز و سامان کی پوجا کرکے اِس کام کا آغاز کیا گیا۔رکن اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل نے بتایا کہ یہ کام 2/سال میں مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پیرس پیرالمپک میں کل بھارت کے نیزہ باز نودیپ سنگھ نے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔اِسی طرح 200/میٹر ٹریک مقابلے میں سمرن شرما نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔یہ پیرالمپک آج ختم ہورہا ہے۔اِس پیرالمپک میں بھارت نے 7/سونے کے ' 9/چاندی کے اور 13/کانسے کے تمغے اِس طرح مجموعی طور پر 29/تمغے حاصل کیے ہیں۔تمغوں کی درجہ بندی میں بھارت 16/ویں درجہ پر ہے۔پیرالمپک کی تاریخ میں یہ بھارت کی اب تک کی سب سے اچھی کارکردگی ہے۔اِس پیرالمپک کی اختتامی تقریب میں تیرانداز ہروِندر سنگھ اور رنر پریتی پال بھارتی پرچم بردار ہوں گے۔

***** ***** *****

حکومت کی مختلف اسکیمات سے عوام کو واقف کروانے کے لیے '' وزیر اعلیٰ اسکیمات کا سفیر'' نام سے ایک طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ اِس کے تحت لاتور ضلعے کی تمام گرام پنچایتوں میں ایک ایک اور شہری علاقوں میں 5/ ہزار افراد کا حلقہ بنا کر ایک سفیر مقرر کیا جائے گا۔ اِس سرگرمی میں حصہ لینے کے خواہش مند افراد www.mahayojanadoot.org نامی ویب سائٹ پر آئندہ 13/ستمبر تک اندراج کروا سکتے ہیں۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے عیسیٰ پور میں واقع ڈیم 97/ فیصد بھر چکا ہے۔ اِسی لیے ڈیم کے 3/دروازے تقریباً آدھا فیٹ کھول دیے گئے ہیں۔ ڈیم سے ایک ہزار 21/مکعب فیٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی چھوڑا جا رہا ہے۔متعلقہ انتظامیہ نے ندی کنارے آباد دیہاتوں کو چوکنا رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

***** ***** *****

پیٹھن کا جائیکواڑی ڈیم 95/فیصد سے زیادہ بھر چکا ہے۔انتظامیہ نے مطلع کیا ہے کہ اگر ڈیم میں پانی کی آمد بڑھتی ہے تو کسی بھی وقت ڈیم سے پانی چھوڑا جا سکتا ہے۔جائیکواڑی ڈیم انتظامیہ نے گوداوری ندی کے کنارے آباد دیہاتوں کو چوکس رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

***** ***** *****

آج عالمی یومِ خواندگی منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال 8/ستمبر کو منایا جاتا ہے۔اِس کا مقصد معاشرے میں خواندگی کی اہمیت کا اعادہ کرنا ہے۔ اِس سال یومِ خواندگی کا عنوان ہے '' کثیر لسانی تعلیم کو فروغ دینا : باہمی مفاہمت اور امن کے لیے خواندگی '' -

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ گنیش اُتسو کا آغاز ، جگہ جگہ گنپتی کی مورتیاں بٹھائی گئیں

☆ متنازعہ سرکاری افسر پوجا کھیڈکر عہدے سے برطرف

☆ پنجاب میں 3 /افراد کا قتل کرنے والے 7 /قاتل چھترپتی سنبھاجی نگر میں گرفتار

☆ دھاراشیو- تلجاپور- شولاپور ریلوے راستے کے تعمیر کام کا آغاز

اور

☆ پیرس پیرالمپک میں نیزہ باز نودیپ سنگھ نے حاصل کیا سونے کا تمغہ

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆